防火 PREVENT FIRE

# آگ سے بچنا



## آگ لگنے کی صورت میں کیا کرنا چاہئے

巴基斯坦文版

FIRE SERVICES HONG KONG

## آگ بجھانے کا محکمہ

آگ کے خطروں کے بارے میں نکوائریز یا شکایات کے لئے برائے مہربانی اس نمبر پر کال کریں

**2723 8787**

یا کسی فائر اسٹیشن سے رابطہ کریں

آگ سے حفاظت کا نوٹس نمبر 18

香港特別行政區政府新聞處設計
政府物流服務署印
Designed by the Information Services Department
Printed by the Government Logistics Department
Hong Kong Special Administrative Region Government







## اگر آپ اپنے یونٹ میں ٹھہرے رہتے ہیں

آپ کے لئے ضروری ہے کہ اپنے آپ کو دھوئیں سے بچائیں۔ جب تک آپ کو وہاں سے نکال نہ لیا جائے یا جب تک آپ کو وہاں سے جانے کے لئے نہ کہا جائے اپنے یونٹ میں ہی ٹھہرے رہیں۔ اس میں کافی وقت لگ سکتا ہے۔ الارم بجنے کے کافی دیر بعد اپنے یونٹ سے جانے کی کوشش نہ کریں۔ جتنا زیادہ آپ انتظار کریں گے، اس بات کا اتنا ہی زیادہ خدشہ موجود ہوگا کہ زینوں اور راہ داریوں میں بہت زیادہ دھواں پھیل جائے گا۔ آپ کے بچنے کے امکانات کم ہو جائیں گے۔

- دھوئیں کو اپنے یونٹ کے اندر آنے سے روکیں۔ دروازے کی اطراف میں موجود دراڑوں کو نلکی ٹیپ (ڈکٹ ٹیپ) کی مدد سے مضبوطی سے بند کر دیں اور نچلے حصے میں گیلے تولیے رکھ دیں۔ روشن دانوں اور ہوائی نالیوں کو بھی اسی طرح سے مضبوطی سے بند کر لیں۔
- اگر دھواں آپ کے یونٹ میں داخل ہو جائے تو :
  - آگ بجھانے کے محکمہ کو کال کر کے، انہیں بتائیں کہ آپ کہاں پر ہیں اور پھر ایسے کمرے میں منتقل ہو جائیں جہاں سب سے کم دھواں ہو، دروازہ بند کر لیں، اور اسے ٹیپ اور تولیے کی مدد سے مضبوطی سے بند کر دیں۔ تازہ ہوا کے لئے کھڑکی کھول لیں۔
  - کھڑکی سے کسی چادر کو لہرا کر آپ کو بچانے کی خاطر آنے والے عملہ کو بتائیں کہ آپ کہاں پر ہیں۔
  - فرش کے قریب ایسی جگہ پر رہیں جہاں ہوا نسبتا زیادہ صاف ہو۔
  - اتھارٹیز کی جانب سے دی جانے والی ہدایات کو سنیں۔

## یاد رکھیں، آگ سے حفاظت کے عمل کی شروعات آپ سے ہوتی ہے

- اپنی عمارت کے تعمیری خاکے سے اچھی واقفیت حاصل کریں۔
- وہاں سے نکلنے کے راستوں کی سمتوں اور مقررہ راستوں سے پہلے ہی اچھی طرح سے واقف ہو جائیں اور جلدی سے باہر نکلنے کے لئے آمادہ رہیں۔
- اپنی فیملی کے ساتھ مل کر ایک تفصیلی ہنگامی خروجی راستہ تیار کریں اور آگ لگنے کی صورت میں ایکدوسرے سے ملنے کا کوئی مقام طے کر لیں۔

# آگ لگنے کی صورت میں کیا کرنا چاہئے

## آگ سے حفاظت کی شروعات آپ سے ہوتی ہے

یہ جانیں کہ آپ کی عمارت میں آگ لگنے کی صورت میں کیا کرنا چاہئے۔ اپنے آپ کو اور اپنے گرد موجود افراد کو بچانے کا یہی سب سے بہتر طریقہ ہے۔ ہر آگ مختلف ہوتی ہے۔ الارم سننے پر یا کسی آگ سے واقف ہونے پر آپ کو بہت جلدی اقدام اٹھانا چاہئے۔ آپ پر لازم ہے کہ ہمیشہ اپنے آپ کو دھواں سے بچائیں۔ یاد رکھیں، زیادہ تر افراد دھواں سے جاں بحق ہوتے ہیں،آگ سے نہیں۔ یہاں پر بتایا جا رہا ہے کہ کیا کرنا ہے۔



## اگر آپ کے یونٹ میں کوئی آگ لگ جائے تو

- پرسکون رہیں
- اپنے یونٹ میں ہر ایک کو وہاں سے چلے جانے کو کہیں
- اپنے یونٹ سے چلے جانے کے بعد تمام دروازے بند کر دیں
- اپنی منزل پر موجود فائر الارم کو فعال کریں اور آگ کا 'شور مچائیں
- قریب ترین زینے کی مدد سے اس عمارت کو چھوڑ دیں
- تمام قیمتی اشیاء کو لینے کی کوشش نہ کریں
- جب آپ محفوظ ہوں اس وقت آگ بجھانے کے محکمہ کو '999' پر کال کریں
- آگ بجھانے والوں سے کسی محفوظ مقام پر ملاقات کر کے انہیں صورتحال سے آگاہ کریں



## جب آپ کو فائر الارم سنائی دے

جانا ہے یا ٹھہرے رہنا ہے ...یہ فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ زیادہ تر مواقع پر، کسی آگ کی صورت میں سب سے بہتر جو کام کیا جا سکتا ہے وہ ہے جلد از جلد اس عمارت سے چلے جانا۔ لیکن بعض حالات میں ممکن ہے آپ وہاں سے نہ جا سکتے ہوں اور آپ کو اپنے احاطہ میں رہنا پڑ جائے۔ دونوں ہی صورتوں میں آپ کے لئے فوری اقدام اٹھانا ضروری ہے۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کیا فیصلہ کرتے ہیں، آپ کے لئے اپنے آپ کو اس کے دھواں سے بچانا ضروری ہے۔

## اگر آپ اس عمارت سے جانے کا فیصلہ کرتے ہیں

اپنے یونٹ کی طرف کے دروازہ کا جائزہ لیں۔ اگر اس دروازے سے دھواں باہر کو آ رہا ہے، تو اسے مت کھولیں۔ اپنے یونٹ میں داخل ہوتے وقت بعد میں اس کتابچہ میں بتائے گئے طریقہ کے مطابق اپنے آپ کو دھواں سے بچائیں۔

- اگر بالکل بھی دھواں نہیں ہے، تو اپنے آپ کو اس صورتحال سے نمٹنے کے لئے جسمانی اور دماغی طور پر تیار کر کے اس دروازے کو تھوڑا سا کھول دیں۔
- اگر آپ کو دھواں نظر آئے یا حرارت محسوس ہو، تو جلدی سے دروازہ بند کر کے اپنے آپ کو بچائیں۔
- اگر راہ داری کا راستہ صاف ہے،تو باہر جائیں، اپنے پیچھے دروازہ مقفل کر دیں، اور قریب ترین سیڑھیوں پر چلے جائیں۔
- لفٹ استعمال مت کریں۔
- قریب ترین سیڑھیوں پر موجود اسموک ڈور کو احتیاط سے کھولیں۔
  - اگر وہاں بالکل دھواں نہ ہو، تو اس عمارت سے جانے کے لئے سیڑھیوں کا استعمال کریں۔
  - اگر وہاں دھواں موجود ہو، تو اندر داخل نہ ہوں۔ دروازہ بند کر لیں۔ کسی دوسرے زینے پر جا کر متعلقہ اسموک ڈور کو احتیاط سے کھولیں۔
  - اگر اس جگہ پر بالکل دھواں نہیں، تو اس عمارت سے جانے کے لئے اس زینے کو استعمال کریں۔
  - **اگر دھواں موجود ہو، تو اندر داخل نہ ہوں۔ اگر وہاں پر دیگر زینے ہوں، تو ان سے کوشش کریں۔ اگر دیگر کوئی زینہ نہیں، تو اپنے یونٹ پر واپس جا کر اپنے آپ کو دھواں سے محفوظ رکھیں۔**






## جب آپ متعلقہ زینے میں ہوں

- اگر آپ ان زینوں سے اترتے وقت دھواں دیکھیں، تو جتنی جلدی ہو سکے آپ اس زینے کو چھوڑ دیں۔
- اگر کوئی دوسرا زینہ دھواں سے خالی ہے تو اسے استعمال کریں۔
- اگر آپ کسی بھی زینے کو استعمال نہیں کر سکتے، تو ممکن ہو تو اپنے یونٹ پر واپس چلے جائیں، یا جب تک آپ کو پناہ لینے کے لئے کوئی جگہ نہیں مل جاتی کسی راہ داری کے اندر چلے جائیں اور یونٹ کے دروازوں کو زور سے بند کر دیں۔
- یاد رکھیں، آپ جہاں کہیں بھی ہوں، اگر وہاں دھواں ہے، تو اس کے نیچے ذرا جھک کر پیٹ کے بل چلیں۔ فرش کے پاس کی ہوا نسبتا زیادہ تازہ ہوتی ہے۔

## اگر آپ منزل پناہ (ریفیوج فلور) پر ہیں

اگر آپ کی طبیعت بگڑ رہی ہے یا آپ تھک کر چور ہو گئے ہیں، تو باقی وقت اسی منزل پناہ (ریفیوج فلور) پر ٹھہرے رہیں۔ اگر کسی مدد کی ضرورت ہو تو آگ بجھانے کے محکمہ کو کال کرنے کے لئے '999' ملائیں اور انہیں بتائیں کہ آپ کہاں پر ہیں۔ اگر آپ ریفیوج فلور سے چلے جانے کا انتخاب کرتے ہیں اور اس عمارت کو زینے کی مدد سے باہر نکل کر خالی کرانے کا عمل جاری رکھتے ہیں، تو برائے مہربانی مذکورہ بالا پیراگراف **"اگر آپ اس عمارت سے جانے کا فیصلہ کرتے ہیں"** اور **"جب آپ متعلقہ زینے میں ہوں"** میں بیان کئے گئے خالی کرانے کے طریقہ ہائے کار پر عمل کریں۔



